# کمیونٹی کے رُکن کے سوالات
## اعتماد قائم کرنے کے لئے گفتگو کے کارڈز

**مقصد:** اس ٹول کا مقصد یہ ہے کہ ایسے سوالات کے خیالات فراہم کیے جائیں جو اساتذہ کمیونٹی کے افراد کے ساتھ استعمال کر سکیں تاکہ ایک سے زیادہ زبانیں سیکھنے والوں اور ان کے خاندانوں کے ساتھ اعتماد اور تعاون کے تعلقات قائم کرنے میں مدد مل سکے۔ یہ سوالات کی ایک جامع فہرست نہیں ہے بلکہ خیالات کی ایک فہرست ہے۔ سوالات کو WIDA گفتگو کارڈ کی ٹیمپلیٹ کے ساتھ استعمال کرنے کے ارادے سے تیار کیا گیا ہے۔

**ہدایات:** چند سوالات منتخب کریں جو آپ کے سیاق و سباق کے عین طابق ہوں یا اپنے سوالات خود بنائیں۔ آپ کو تمام سوالات استعمال کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ان سوالات کو لکھیں جو آپ گفتگو کے کارڈ کی ٹیمپلیٹ میں استعمال کرنا چاہتے ہیں، اور پھر اپنی گفتگو کے لیے انہیں پرنٹ کریں۔ مثال کے طور پر، گفتگو کے کارڈز کو کسی کمیونٹی کی تنظیم کے دورے یا کسی اور رسمی یا غیر رسمی تقریب یا گفتگو کے دوران استعمال کیا جا سکتا ہے۔

**کمیونٹی کے اراکین کے ساتھ استعمال کے لیے مدِ نظر رکھنے والی چیزیں**

- **موجودہ اعتماد کا لیول:** گفتگو کے کارڈز کا استعمال اور انہیں شئیر کرتے وقت اپنے تعلقات کی مضبوطی مدِ نظر رکھیں۔ طلباء، خاندانوں اور کمیونٹی کے اراکین کے ساتھ ابتدائی رابطے کے دوران سوال و جواب کے فارمیٹ کو زبردستی لاگو کرنے سے ناخوشگوار دباؤ پیدا ہو سکتا ہے، جس کی وجہ سے انہیں سپورٹ ملنے کے بجائے بے آرامی کا احساس ہو سکتا ہے۔
- **اعتبار مختلف طریقوں سے قائم ہوتا ہے:** چھوٹے اشاروں کو مدِ نظر رکھیں جو ایک سے زیادہ زبانیں سیکھنے والوں، خاندانوں، اور کمیونٹی کے اراکین کو یہ احساس دلائیں کہ ان کو خوش آمدید کہا جارہا ہے اور ان کی قدر کی جارہی ہے۔ ان کی گھریلو زبانوں میں سادہ سلام کا طریقہ استعمال کریں۔ اگر آپ ایک انگریزی سیکھنے والے یا مہاجر ہیں تو اپنے تجربات ہم سے شئیر کریں؛ اگر آپ ان میں سے کوئی بھی نہیں ہیں تو عاجزی، خاندانوں کی زبانوں کی اقدار اور سیکھنے کے رویے کا اظہار کریں۔ یہ چیز ہمدردی اور باہمی ہم آہنگی پیدا کرنے میں مدد کرتی ہے۔ حتیٰ کہ چھوٹے سے چھوٹے اقدامات بھی ان کو یہ احساس دلانے میں بڑی مدد دے سکتے ہیں کہ ان کو موجودگی کو قبول کیا جارہا ہے۔
- **اعتماد وقت کے ساتھ قائم ہوتا ہے:** جہاں آپ کا آمنا سامنا ایک سے زیادہ زبانیں سیکھنے والوں، ان کے خاندانوں، اور کمیونٹی کے اراکین کے ساتھ ہو تو یہ ظاہر کریں کہ آپ دوستانہ رویّے کے ساتھ ان کو خوش آمدید کہہ رہے ہیں اور ان کی قدر کرتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ان کی کہانیوں اور ضروریات کو سننا، ان کی آراء اور خیالات کا جواب دینا، ایسے امور پر ان سے جڑنا جن کو وہ ترجیح دیتے ہوں، اور تعاون کے مواقع کی پیشکش کرنا۔ تعلقات بنانے کے عمل کو جاری رکھیں۔

wida.wisc.edu

WIDA is housed within the School of Education at the University of Wisconsin-Madison.
© 2025 Board of Regents of the University of Wisconsin System, on behalf of WIDA

WIDA UNIVERSITY OF WISCONSIN–MADISON

# کمیونٹی اراکین کے ساتھ استعمال کرنے کے لئے اساتذہ کے لئے سوالات

## تعلقات بنانے کی شروعات

**کمیونٹی کی تنظیم کے بارے میں معلومات اکٹھی کرنا**

1. براہ کرم اپنی تنظیم اور اس کے مشن اور اقدار کے بارے میں شیئر کریں۔
2. آپ اس وقت ایک سے زیادہ زبانیں سیکھنے والوں اور/یا ان کے خاندانوں کے ساتھ کیسے کام کرتے ہیں؟
   a. مجھے اس بارے میں بتائیں کہ آپ نے ایک سے زیادہ زبانیں سیکھنے والوں اور ان کے خاندانوں کے استقبال کے لئے جگہیں کیسے بنائی ہیں۔
   b. آپ نے وقت گزرنے کے ساتھ ایک سے زیادہ زبانیں سیکھنے والوں اور ان کے خاندانوں کے ساتھ تعلقات کو کیسے پروان چڑھایا ہے؟

**کمیونٹی کے روابط کو اسکول میں لانا**

3. آپ کے خیال میں ہمارا اسکول ایک سے زیادہ زبانیں سیکھنے والوں اور/یا ان کے خاندانوں کی مدد کرنے کے لئے آپ کی تنظیم کے ساتھ کیسے منسلک ہوسکتا ہے؟
   a. ایک سے زیادہ زبانیں سیکھنے والوں اور ان کے خاندانوں کے ساتھ آپ کے تجربات کی بنیاد پر، آپ ہمارے اسکول میں کونسے پروگرامز، سروسز، یا وسائل دیکھنا پسند کریں گے؟
   b. ہم اپنے اسکول میں ایک سے زیادہ زبانیں بولنے والے خاندانوں کے مفادات، تجربات، زبانوں، اور ثقافتی روایات کو ترقی دے کر کیسے شامل کر سکتے ہیں؟
4. ہم ایک سے زیادہ زبانیں سیکھنے والوں اور ان کے خاندانوں کے ساتھ آپ کی کمیونٹی کے کام کے پہلوؤں کو اپنے اسکول کے ماحول اور/یا کلاس روم کی ہدایات میں کیسے شامل کرسکتے ہیں؟

**تعاون جاری رکھنا**

5. ایک سے زیادہ زبانیں بولنے والے خاندانوں، کمیونٹی، اور ہمارے اسکول کے مابین رابطوں کو مضبوط بنانے کے لئے کونسی مقامی تقاریب یا وسائل مدد کرسکتے ہیں؟
6. ایک سے زیادہ زبانیں سیکھنے والوں اور ان کے خاندانوں کی مدد کرنے کے لئے ہم باہمی طور پر آگلی کیا چیز کرسکتے ہیں؟

## تعلقات بنانے کا جاری عمل

1. معاملات کیسے چل رہے ہیں ________________؟ (ایک خاص چیز بیان کریں جس پر آپ نے ماضی میں گفتگو کی ہے۔)
   a. کیا ٹھیک چل رہا ہے؟
   b. کیا چیز مشکل رہی؟
   c. میں مدد کیسے فراہم کر سکتا ہوں؟
2. ایک سے زیادہ زبانیں سیکھنے والوں اور ان کے خاندانوں کی مدد کرنے کے لئے ہم اور کیا کر سکتے ہیں تاکہ بااعتبار تعلقات قائم کرنے کا عمل جاری رکھا جاسکے؟
3. ہم اسکول اور آپ کی تنظیم کے درمیان تعلق کو مضبوط کرنے کے لیے اور کیا کر سکتے ہیں؟

wida.wisc.edu
WIDA is housed within the School of Education at the University of Wisconsin-Madison.
© 2025 Board of Regents of the University of Wisconsin System, on behalf of WIDA
WIDA™
UNIVERSITY OF WISCONSIN–MADISON